**03.03.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آ کاشوانی ہے

اردو خبروں کے ساتھ میں ..................ضمیر رضوی

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت اپنی مضبوط معیشت کے ساتھ، دنیا کیلئے امید کی ایک کرن بنا رہے گا۔ بجٹ کے بعد کے ایک ویبینار میں انہوں نے صنعت سے زور دے کر کہا کہ وہ تعمیر، مصنوعات سازی اور برآمدات میں، کوالٹی پر مزید توجہ دے۔

☆ مغربی ایشیا کی لڑائی میں تیزی آ گئی ہے۔ اسرائیل نے ایران اور بیروت میں فوجی ٹھکانوں پر حملے کیے ہیں۔

☆ امریکہ نے اسلامی پاسدارانِ انقلاب کے سپاہیوں کے کمان مرکز کو تباہ کردیا ہے اور ایران کے فضائی-دفاعی نظام، اِس کے میزائل اور ڈرون داغنے کے مقامات پر حملے کیے ہیں۔

☆ مغربی ایشیا میں جاری صورتحال کے دوران، پہلی ایئر انڈیا پرواز، دُبئی سے نئی دلّی پہنچ گئی ہے۔

☆ افغان فوجوں نے پاکستان کی کلیدی چوکیوں کو قبضے میں لے لیا ہے۔ ڈیورینڈ لائن میں جھڑپوں کا یہ پانچواں دن ہے۔

☆ آل انگلینڈ بیڈمنٹن چمپئن شپ آج برمنگھم میں شروع ہوگی۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM - Webinar**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت، اپنی مضبوط معیشت کے ساتھ، دنیا کیلئے امید کی ایک کِرن بنا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ چونکہ بھارت، دنیا کیلئے امید کی ایک کِرن بن کر اُبھرا ہے، لہٰذا تیز رفتار معاشی ترقی، وِکست بھارت کے تصور کو پورا کرنے کیلئے لازمی حیثیت اختیار کرگئی ہے۔ وزیر اعظم آج صبح، اقتصادی ترقی کے تسلسل اور استحکام کے موضوع پر، بجٹ کے بعد کے ایک ویبینار سے خطاب کررہے تھے۔

**SB - 1400 - PM on Economy**

جناب مودی نے کہا کہ آج دنیا، قابلِ انحصار اور مستحکم مینوفیکچرنگ شراکت داروں کی طرف دیکھ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے پاس یہ موقع ہے کہ وہ اِس سمت ایک اہم ملک کی شکل اختیار کرلے۔

**SB - 1400 - PM on Manufacturing**

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت نے کئی ملکوں کے ساتھ آزاد تجارتی سمجھوتہ کیا ہے اور اِس کیلئے بہت سے موقعے پیدا ہوگئے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ یہ ہر ایک کی ذمہ داری ہے کہ وہ کوالٹی سے کوئی سمجھوتہ نہ کرے اور مصنوعات، عالمی معیار کی ہونی چاہیے۔

**SB - 1400 - PM on Quality**

وزیر اعظم مودی نے صنعتوں سے کہا ہے کہ وہ تحقیق و ترقی کے میدان میں سرمایہ لگائیں اور کوالٹی پر توجہ دیں۔ انہوں نے کہا کہ بالکل نچلی سطح پر تبدیلی لانے کیلئے صنعت، مالی اداروں اور ریاستی حکومتوں کو یکجا ہوکر کام کرنا چاہیے۔

انہوں نے کہا کہ بجٹ میں ''بایو فارما شکتی مشن'' کیلئے رقوم مختص ہونی چاہئیں، جس کا مقصد بھارت کو حیاتیات اور اگلے دور کے علاج کیلئے ایک عالمی مرکز بنانا ہے۔

**SB - 1400 - PM - Bio Pharama Shakti Mission**

**Cente CAA Meeting**

مرکز نے مغربی بنگال میں مزید بااختیار کمیٹیاں تشکیل دی ہیں، تاکہ شہریت کے ترمیمی قانون **CAA** کے تحت، بھارتی شہریت حاصل کرنے کی درخواستوں پر کوئی فیصلہ کیا جاسکے۔

ایک گزیٹ نوٹیفکیشن میں مرکزی وزارت داخلہ نے کہا کہ اِس بااختیار کمیٹی کی صدارت، ایک ایسا افسر کرے گا، جس کا رتبہ حکومتِ ہند میں ڈپٹی سکریٹری سے کم نہ ہو، اور اُسے بھارت کا رجسٹرار جنرل اور مردم شماری کا کمشنر نامزد کرے گا۔ یہ فیصلہ دو اضافی کمیٹیاں تشکیل دینے کیلئے کیا گیا ہے، تاکہ بڑی تعداد میں درخواستوں پر غور و خوض کیے جانے کے عمل میں تیزی لائی جاسکے۔

مغربی بنگال میں اِس طرح کی دو کمیٹیاں پہلے سے ہی موجود ہیں۔×

**West Asia Conflict**

مغربی ایشیاء میں جنگ میں تیزی آ گئی ہے، کیونکہ ایران پر امریکہ-اسرائیل کی مشترکہ فورسز نے میزائل اور ڈرون سے تازہ حملے شروع کردیئے ہیں۔ تازہ خبروں کے مطابق اسرائیل، تہران اور بیروت میں ایک ساتھ فوجی ٹھکانوں پر حملے کررہا ہے۔ اسرائیلی دفاعی فورسز **IDF** نے کہا ہے کہ اُس کی فوج جنوبی لبنان میں کارروائی کررہی ہے۔ اُس نے مزید کہا ہے کہ اسرائیل، حزب اللہ کے بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنارہا ہے۔ اسرائیل نے یہ بھی الزام لگایا کہ حزب اللہ نے ایرانی حکومت کی طرف سے اسرائیل پر حملے کئے ہیں۔ **IDF** نے اِس بات کی بھی تصدیق کی ہے کہ فلسطینی اسلامی جہاد، **PIJ** کے کمانڈر ابو حمزہ **Rami** بیروت میں ہلاک ہوگئے ہیں۔

ایک بیان میں **IDF** نے کہا ہے کہ ابو حمزہ **Rami** کے ہلاک ہونے سے اسرائیل کے خلاف کارروائی کرنے کی **PIJ** کی صلاحیت کافی کمزور ہوگئی ہے۔ ایک اور حملے میں اسرائیلی فوج نے حزب اللہ کے انٹیلیجنس ہیڈکوارٹرس کے سربراہ حسین **Makled** کو بیروت میں ہلاک کردیا۔

اُدھر امریکہ کے سینٹرل کمانڈ نے کہا ہے کہ امریکی فوج نے پاسدارانِ انقلابِ اسلامی **IRGC** کے کمان اور کنٹرول مراکز، ایرانی فضائیہ کی دفاعی صلاحیتوں، میزائل اور ڈرون داغے جانے کے مقامات اور فوجی ہوائی پٹیوں کو تباہ کردیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں سینٹرل کمانڈ نے کہا ہے کہ امریکہ، ایرانی حکومت کی جانب سے درپیش امکانی خطروں کے خلاف فیصلہ کُن کارروائی جاری رکھے گا۔ اِس دوران کارروائی میں اب تک چھ امریکی فوجی ہلاک ہوچکے ہیں۔

دوسری جانب ایران کے سرکاری میڈیا نے کہا ہے کہ بحرین میں امریکہ کے ایک ایئربیس کی کمان بلڈنگ کو تباہ کردیا گیا ہے۔ امریکہ میں بحرین کے سفیر عبداللہ بن راشد بن عبداللہ الخلیفہ نے کہا ہے کہ بحرین کی فضائی دفاع نے ملک کو نشانہ بنانے

والے **70** ایرانی بیلسٹک میزائلوں اور **59** ڈرون کو بیچ میں ہی روک کر تباہ کردیا۔ ×

## Indian Seafarers Killed

جہاز رانی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل نے کہا ہے کہ تین بھارتی جہازی، جو غیر ملکی پرچم بردار جہازوں پر خدمات انجام دے رہے تھے، مغربی ایشیا کے خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران ہلاک ہوگئے۔ اِس واقعے میں ایک شخص زخمی بھی ہوا ہے۔
متاثرہ جہازیوں اور اُن کے کنبوں کو ضروری مدد اور سہولت فراہم کی جارہی ہے۔ ڈائریکٹوریٹ، **IFC-IOR**، **MRCC** اور دیگر اتھارٹیز، سبھی متعلقہ فریقوں کے ساتھ رابطے میں ہیں، تاکہ اِن کی حفاظت، تندرستی اور بروقت مدد کو یقینی بنایا جاسکے۔
تازہ ترین خبروں کے مطابق، بھارتی پرچم بردار جہازوں کے سلسلے میں، کسی جانی نقصان یا کسی کو حراست میں لیے جانے کے کسی واقعے کی تصدیق نہیں ہوئی ہے۔
خطے میں قریبی نظر رکھے جانے اور تصدیق کی کوششیں جاری ہیں اور بھارت کے پرچم والے جہاز اپنی کارکردگی انجام دے رہے ہیں۔
جہاز رانی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل نے فوری کارروائی کی ایک ٹیم تشکیل دی ہے، تاکہ مغربی ایشیا میں کشیدگی کے دوران، خلیجِ فارس کے خطے میں اور اُس کے آس پاس پھنسے ہوئے بھارتی جہازیوں کیلئے فوری کارروائی، انہیں بچانے کیلئے تال میل اور اُن کی مدد کی جاسکے۔×

## Trump - Merz Meeting

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، آج مغربی ایشیا خطے میں جاری تنازعے کے دوران، واشنگٹن ڈی سی میں وہائٹ ہاؤس میں، جرمن چانسلر فریڈرک مَرز سے ملاقات کریں گے۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان مزید کوئی سرگرمی، **Oval** آفس میں اِس دو طرفہ میٹنگ کے بعد شروع کی جائے گی۔
اتوار کو ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جرمن چانسلر نے کہا کہ وہ مغربی ایشیا میں تازہ ترین حالات و واقعات کے بارے میں جناب ٹرمپ سے بات چیت کریں گے اور وہ پورے یوروپ، اسرائیل اور اِس کے علاوہ، خطے کے دیگر حصوں کے اپنے شراکت داروں کے ساتھ قریبی رابطے میں ہیں۔
انہوں نے مزید کہا کہ یہ وقت، اپنے حلیفوں کو لیکچر دینے کا نہیں ہے، بلکہ یہ وقت اتحاد کے ساتھ یکجا رہنے کا ہے۔
اِس سے پہلے جرمن چانسلر نے بھی، ایران کے نیوکلیائی پروگرام کی مخالفت کی اور ایران سے کہا ہے کہ وہ اسرائیل اور خطے میں دیگر شراکت داروں کے خلاف فوجی حملے بند کردے۔×

## Melania Trump UNSC

امریکہ کی خاتون اوّل **Melania Trump** نے آج نیویارک میں ''تنازعے کے دوران بچے اور تعلیم'' کے موضوع پر اقوامِ متحدہ سلامتی کونسل کی ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ یہ پہلا موقع ہے جب کسی عالمی رہنما کے شریک حیات نے **15** رکنی اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی میٹنگ کی صدارت کی ہے۔ محترمہ **Melania Trump** نے امریکہ کی طرف سے صدارت کی، جس نے اِس مہینے اقوامِ متحدہ سلامتی کونسل کی باری باری سے سنبھالی جانے والی صدارت کا عہدہ حاصل کیا ہے۔ میٹنگ کے بارے میں وہائٹ ہاؤس سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ اقوامِ متحدہ سلامتی کونسل کے ارکان کیلئے محترمہ میلانیا کا فیصلہ کُن پیغام یہ تھا کہ امن کو کمزور نہیں ہونا چاہئے۔ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ میلانیا ٹرمپ نے کہا کہ پائیدار امن تبھی

قائم ہوسکتا ہے، جب سبھی معاشرے میں علم اور فہم کی قدر کی جائے۔×

## Air India Flight

مغربی ایشیا میں جاری صورتحال کے درمیان ایئر انڈیا کی پہلی پرواز آج دوبئی سے نئی دِلی پہنچی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں ایئرانڈیا نے کہا ہے کہ ہوائی جہاز، 149 مسافروں اور عملے کے آٹھ افراد کو لے کر آیا ہے۔ ایئرانڈیا نے مرکزی سرکار، شہری ہوابازی کے ڈائریکٹر جنرل DGCA اور دوبئی میں مقامی حکام کا اُن کے تعاون کیلئے شکریہ ادا کیا ہے۔×

## CBSE - Exam Advisory

سینٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن CBSE نے مغربی ایشیا خطے میں اِس مہینے کی 5 اور 6 تاریخ کو کرائے جانے والے، دسویں اور بارہویں جماعت کے امتحانات ملتوی کردیے ہیں۔ بورڈ نے طلبا اور اسکولوں کو بتایا کہ یہ فیصلہ بحرین، ایران، کویت، عُمان، قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات میں حالیہ صورتحال کی وجہ سے کیا گیا ہے۔
بورڈ نے یہ بھی بتایا کہ نئی تاریخوں کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ بورڈ جمعرات کو تازہ صورتحال کا جائزہ لے گا اور اِس مہینے کی 7 تاریخ کے بعد سے امتحان کی تاریخوں کے سلسلے میں کوئی مناسب فیصلہ کیا جائے گا۔×

## Afghan Pak Conflict

افغانستان کی فوج نے سرحد پر پاکستان کی اہم فوجی چوکیوں پر قبضہ کرلیا ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان Durand لائن پر لڑائی لگاتار پانچ دن سے جاری ہے۔ افغانستان کی وزارتِ دفاع نے کہا ہے کہ اُس کی فوج نے افغانستان کے علاقے میں پاکستان کی فضائیہ کی جانب سے کئے گئے فضائی حملے کے بعد پاکستانی ٹھکانوں پر جوابی حملے کئے ہیں۔ افغانستان کے عہدیداروں نے دعویٰ کیا ہے کہ قندھار صوبے میں کئی پاکستانی چوکیوں پر قبضہ کرلیا گیا ہے، جن میں Spin Boldak ضلعے میں تین اور Ali-Sher ضلعے میں دو چوکیاں شامل ہیں۔ دونوں ملکوں کے درمیان جاری تصادم سے ظاہر ہوتا ہے کہ Durand لائن پر عدم استحکام میں اضافہ ہوگیا ہے۔ دونوں فریق ایک دوسرے پر حملے کا الزام لگا رہے ہیں۔×

## Shah - Dola Purnima

وزیر داخلہ امت شاہ نے آج ملک کے عوام کو ڈولا پورنیما کے موقعے پر مبارکباد دی۔ سوشل میڈیا پر جناب شاہ نے خواہش ظاہر کی کہ بھگوان کرشن کے ساتھ خوشیوں بھرے ملاپ کا یہ تہوار سبھی کیلئے خوشیاں اور خوش نصیبی لے کر آئے ۔ جناب شاہ نے اِس خواہش کا بھی اظہار کیا عقیدت اور رنگوں کا تہوار، سبھی کی زندگیوں کو اچھی صحت، خوشحالی اور خوشیوں سے بھر دے۔×

## PM Youtube Subscribers

وزیر اعظم نریندر مودی، آج یوٹیوب پر 3 کروڑ سبسکرائبرز کا اہم سنگِ میل عبور کرگئے ہیں۔ اِس طرح وہ یوٹیوب پر سب سے زیادہ Follow کیے جانے والے عالمی رہنما کے طور پر برقرار ہیں۔ وزیر اعظم مودی، سال 2007 میں یوٹیوب سے جُڑے تھے۔ درجہ بندی کے مطابق، وہ اِس زمرے میں دوسروں سے باآسانی آگے ہیں۔ برازیل کے سابق صدر جیئر بولسونارو، 60 لاکھ سبسکرائبرز کے ساتھ دوسرے مقام پر ہیں۔ وزیر اعظم کے یوٹیوب سبسکرائبرز کی تعداد، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے سبسکرائبرز کی تعداد سے سات گنا سے بھی زیادہ ہے۔ یہ وزیر اعظم مودی کی ڈیجیٹل رسائی اور عالمی سطح پر مقبولیت کی عکاسی

کرتا ہے۔×

## VP Wildlife

نائب صدر جمہوریہ سی-پی-رادھاکرشنن نے جنگلی جانوروں کے عالمی دن کے موقع پر آج کہا ہے کہ یہ دن نباتات اور حیوانات کے غیرمعمولی تنوع کو یاد کرنے کا دن ہے، جن کی وجہ سے کرۂ ارض قائم ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب رادھاکرشنن نے کہا کہ بھارت کو جنگلی جانوروں کے تحفظ کے معاملے میں ایک عالمی رہنما ہونے پر بے انتہا فخر ہے۔ اُنہوں نے اِس بات کو اُجاگر کیا کہ ملک میں دنیا کے سب سے زیادہ جنگلی چیتے اور ایک سینگ والے گینڈے اور ایشیائی ہاتھیوں کی بڑی تعداد پائی جاتی ہے۔×

## All England Badminton Championship

بیڈمنٹن میں بھارت آج برمنگھم میں 2026 کی آل انگلینڈ بیڈمنٹن چمپئن شپ میں تمام پانچ زمروں میں 12 رکنی دستے کے ساتھ اپنی مہم کا آغاز کرے گا۔ اولمپک میں دو بار میڈل حاصل کرنے والی پی وی سندھو ٹورنامنٹ میں حصہ نہیں لے سکیں گی کیونکہ وہ امریکہ-ایران تنازعہ کے درمیان خلیج میں فضائی حدود بند ہونے کی وجہ سے دبئی میں پھنس گئی ہیں۔ سندھو کی غیر موجودگی میں پوری ذمہ داری لکشیہ سین پر آگئی ہے۔ مردوں کے سنگلز کے ابتدائی مرحلے میں لکشیہ سین کا مقابلہ دنیا کے نمبر ایک کھلاڑی اور دفاعی چمپئن چین کے Shi Yu Qi سے ہوگا۔

خواتین کے سنگلز میں Malvika Bansod اور اولمپک چمپئن چین کی دنیا کی نمبر تین کھلاڑی Chen Yufei کے درمیان پہلے راؤنڈ کا مقابلہ برابری پر رہا جبکہ Unnati Hooda کا مقابلہ تھائی لینڈ کی Pornpawee Chochuwong سے ہوگا۔

خواتین کے ڈبلز میں Treesa Jolly اور Gayatri Gopichand جاپان کی Sayaka Hirota اور Ayako Sakuramoto سے مقابلہ کریں گی۔ مکسڈ ڈبلز میں Dhruv Kapila اور Tanisha Crasto کی جوڑی کا مقابلہ ملیشیا کی Hoo Pang Ron اور Cheng Su Yin سے ہوگا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆